https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | ہفتہ 8 اگست 2026ء | 24 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 122

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ تعلقات خطے میں امن و استحکام کیلئے ہمیشہ اہم رہے ہیں، میر فراز بگٹی

مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ نہ صرف دفاعی تعاون کو نئی جہت دے گا بلکہ تینوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو بھی مزید مستحکم کرے گا

اہم معاہدے کو ممکن بنانے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کا کردار قابلِ تحسین ہے، جنہوں نے قومی مفادات اور خطے کے امن و سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس اہم پیشرفت کو آگے بڑھایا' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے تاریخی اور اہم پیشرفت قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تین برادر ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور مشترکہ دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مضبوط برادرانہ تعلقات خطے میں امن و استحکام کے لیے ہمیشہ اہم رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ تینوں ممالک کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ یہ معاہدہ نہ صرف دفاعی تعاون (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

مکہ مکرمہ' وزیراعظم شہباز شریف' سعودی عرب ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان کا مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کے بعد گروپ فوٹو

وزیراعظم کا پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر اطمینان کا اظہار

دعا ہے حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کیلئے امن و استحکام کی ڈھال ثابت ہو، شہباز شریف

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن و استحکام کی ڈھال ثابت ہو اور تینوں برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پوری امت مسلمہ کے لیے ترقی، خوشحالی اور فلاح (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان اور ترکیہ کیساتھ مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے، سعودی عرب

مکہ معاہدہ امن اور استحکام کے تحفظ کیلئے مشترکہ سیاسی عزم کو ظاہر کرتا ہے، سعودی وزیر خارجہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ پرنس فیصل بن فرحان نے کہا ہے کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان اور ترکیہ کے ساتھ مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک بیان میں پرنس فیصل بن فرحان نے کہا کہ مکہ معاہدہ ترکیہ اور پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ سعودی وزیر خارجہ نے کہا کہ مکہ معاہدہ امن اور استحکام کے تحفظ کے لیے مشترکہ سیاسی عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مشترکہ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

حالیہ ردوبدل نیا ٹیکس نہیں، عارضی طور پر کم کی گئی پٹرولیم لیوی کی مرحلہ وار بحالی ہے، خرم شہزاد

بائی سپیڈ ڈیزل پر عائد پٹرولیم لیوی آج بھی اس سطح سے کم ہے جو خلیجی بحران سے قبل نافذ تھی، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی سے متعلق جاری بحث میں چند اہم حقائق کو نظر انداز کیا جا رہا ہے جنہیں سامنے رکھنا (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

روس کے ساتھ تجارت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دی جا رہی ہے، فیصل نیاز ترمذی

وزیراعظم شہباز شریف اور روسی صدر ولادیمیر پوتن حالیہ برسوں میں متعدد ملاقاتیں کر چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ پاکستان یوریشین اکنامک یونین کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ طے کرنے کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، روس کے ساتھ تجارت، رابطہ، تعلیم، مصنوعی ذہانت، ثقافت اور (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

چین پاک تعاون، پاکستان میں سالانہ کروڑوں اسپورٹس جوتے تیار کیے جائیں گے، معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اسپورٹس جوتوں کی تیاری کے لیے چین پاکستان تعاون کے تحت ایک اہم منصوبہ (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف، سعودی ولی عہد و وزیراعظم اور ترک صدر نے قصر الصفا میں نماز جمعہ ادا کی

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف، سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط خانہ کعبہ کی حدود میں کیے گئے، عطا تارڑ

معاہدے کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا

معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کیخلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے' وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط خانہ کعبہ کی حدود میں کئے گئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ الحمد اللہ، تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط ہوگئے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط خانہ کعبہ کی حدود میں کئے گئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان مشترکہ دفاعی (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ایک ملک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائیگا

سعودیہ، پاکستان اور ترکیہ کا دفاعی معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا مشترکہ اعلامیہ جاری' معاہدے پر ولی عہد محمد بن سلمان، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم شہباز شریف نے دستخط کئے، گرم جوشی سے مصافحہ کیا

پاکستان، ترکیے اور سعودیہ کا دفاعی معاہدہ علاقائی امن کیلئے مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے، سعودی وزیر خارجہ فیصل بن عزیز 'صدر زرداری کا تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم، امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں اہم پیشرفت قرار، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے کردار کی تعریف

مکہ مکرمہ / اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے جس کے تحت باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا، تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا، تاریخی معاہدے پر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو مکہ مکرمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کے موقع پر دستخط کیے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کیلئے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

مکہ مکرمہ' وزیراعظم شہباز شریف' سعودی عرب ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

روس کا یوکرین کیلئے فوجی سامان لے جانے والے 3 کارگو جہازوں پر حملہ

ماسکو (این این آئی) روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کی مسلح افواج نے بحیرہ اسود میں یوکرینی فوج کے لیے فوجی سامان لے جانے والے تین کارگو جہازوں کو نشانہ بنایا اور تباہ کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ حملہ فوجی اور بحری انفراسٹرکچر کو ٹریک اور تباہ کرنے (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، فتنہ الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک

اعظم ورسک اور ضلع دیر میں آپریشنز کے دوران مارے گئے دہشتگردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، آئی ایس پی آر

صدر مملکت، وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی / اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں دو مختلف کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گرد مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کیخلاف نہیں' ترک صدر

خطے میں امن، خوشحالی و استحکام کے خواہاں تمام برادر ممالک کی شمولیت کیلئے کھلا ہے

مکہ مکرمہ (این این آئی) ترک صدر رجب طیب ایردوان نے کہا ہے کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والا مکہ دفاعی معاہدہ کسی ملک کے خلاف (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

جدید معاشی ماڈلز اور پالیسیوں کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، احد چیمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے کہا ہے کہ فرسودہ تحفظاتی معاشی پالیسیوں پر انحصار کرنے کے بجائے جدید معاشی ماڈلز اور پالیسیوں کو (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

امریکا پاکستان تعلقات میں پیش رفت کا سلسلہ جاری ہے، امریکی سفارتخانہ

اسلام آباد (این این آئی) امریکی سفارتخانے نے کہا ہے کہ امریکا پاکستان تعلقات میں پیش رفت کا سلسلہ جاری ہے اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی قیادت میں دونوں (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

جہازوں سے سروس فیس وصول کرنے کا منصوبہ سامنے آ گیا

اس عبوری انتظام کا مقصد جہازوں کی آمدورفت کو بتدریج نئے نظام کی طرف منتقل کرنا ہوگا، غیر ملکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کے نئے انتظام سے متعلق مذاکراتی فریم ورک کی مزید تفصیلات سامنے آ گئی ہیں، جس کے تحت اہم آبی گزرگاہ سے گزرنے والے بحری جہازوں سے مختلف سمندری خدمات کے عوض فیس وصول کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایرانی نیم سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارت (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

فیسکو کی نجکاری، ترکیہ، چینی سرمایہ کاروں سمیت 12 ملکی و غیر ملکی گروپ میدان میں

فیسکو کے 51 سے 100 فیصد حصص خریدنے کے لیے 12 اظہارات دلچسپی موصول

فیصل آباد (این این آئی) فیسکو کی نجکاری کیلئے 12 ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں نے دلچسپی ظاہر کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فیسکو کی نجکاری کیلئے ترکیہ، چین اور پاکستان کے بڑے کاروباری گروپس میدان میں آ گئے، فیسکو کے 51 سے 100 فیصد حصص (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں حکومت خطرے میں ہے الٹی گنتی شروع ہو چکی

بلاول بھٹو زرداری

اصل لڑائی تو اسلام آباد اور لاہور کی ہے یہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں

وزیراعظم سے کوئی شکایت نہیں اصل لڑائی ان کے اپنے خاندان کے درمیان ہے، چیئرمین پی پی پی کا جلسہ سے خطاب

باغ (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مجھے وزیراعظم سے کوئی شکایت نہیں اصل لڑائی کچھ اور ہے یہ ان کے خاندان کا مسئلہ ہے وہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں، (ن) لیگ حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی، یہ گنتی پی پی نے نہیں ان کے اپنے لوگوں نے شروع کروائی، جو لوگ کہتے ہیں حکومت مدت پورے کرے گی انہیں (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

وزیر تجارت سے بیلاروس کے سفیر کی ملاقات، تعاون مضبوط بنانے کا عزم

باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)



کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حوثی باغیوں کا سعودی عرب پر حملہ، ایک پاکستانی سمیت 11 شہری زخمی

ریاض (این این آئی) یمن کے حوثی باغیوں نے سعودی عرب کے جنوبی صوبہ نجران پر حملہ کیا جس میں 11 شہری زخمی ہو گئے۔ سعودی عسکری اتحاد کے ترجمان میجر جنرل (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی کی کال پر بلوچستان بھر میں 21 مقامات پر اہم قومی شاہراہیں بند، شدید نعرے بازی

نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کیساتھ بارڈرز کی جائز تجارت کھول دیا جائے اہل بلوچستان کو ایران و افغانستان سے تجارت کرنے دیا جائے

بلوچستان کے عوام بے روزگاری و غربت اور بارڈرز بندش کی وجہ سے بھوک سے مر رہے ہیں حکمران قومی دولت پر عیاشی کر رہے ہیں' رکن اسمبلی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، فورسز کے غلط رویے کے خلاف بلوچستان بھر میں 21 مقامات پر اہم قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی آمدورفت بند رہی۔ مختلف اضلاع میں جماعت اسلامی کے شرکاء نے قومی شاہراہ کوئٹہ کراچی این 25 مستونگ، قلات، خضدار، وڈھ، لسبیلہ اور حب کے مختلف مقامات پر ٹریفک کیلئے بند کیا گیا۔ این 40 (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ' وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو شہر کے دورے کے موقع پر پولیس سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں' اس موقع پر معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی بھی موجود ہیں

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ دفاعی معاہدے پر شیخ قیصر محمود کی وزیراعظم کو مبارکباد

موجودہ عالمی حالات میں مسلم ممالک کے درمیان باہمی تعاون، مشترکہ دفاعی حکمت عملی اور سیکیورٹی اشتراک اہم ضرورت ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سابق جنرل سیکریٹری پاکستان مسلم لیگ (ن) اوورسیز شیخ قیصر محمود نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

مسلم ممالک کے مابین اتحاد و باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے، جمال شاہ کاکڑ

معاہدہ مکہ تینوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد، دفاعی تعاون، اقتصادی شراکت داری اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے عزم کو مزید مضبوط کرے گا

پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے' رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے معاہدہ مکہ کو اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نہ صرف تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات رکھتے ہیں بلکہ تینوں ممالک خطے کے امن، سلامتی اور ترقی کے لیے اہم کردار ادا کر رہے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اس وقت اپنی تاریخ کے نہایت نازک اور سنگین دور سے گزر رہا ہے' مولانا عبدالواسع

ملک کے چاروں صوبوں میں یکساں عوامی پذیرائی رکھنے والی وفاقی اور نظریاتی سیاسی قوت ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

اسماء جتک کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابل تشویش معاملہ ہے' بابر بلیدی

بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا' مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسماء جتک کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابل تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

موجودہ حالات میں قومی اتحاد، سیاسی ہم آہنگی اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے' سیدال ناصر

بلور خاندان نے صوبہ خیبر پختونخوا کی ترقی، عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ میں ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور سے ان کی اسلام آباد میں واقع رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور معاشرتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد، سیاسی ہم آہنگی اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں اسٹریٹجک پراجیکٹس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دالبندین' نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کر کے لے گئے

واقعے کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے اور کارگو بس، عملے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے

دالبندین (این این آئی) دالبندین کے علاقے چمتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد کارگو بس سامان اور عملے سمیت اغوا کر کے لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب دالبندین کے علاقے چمتر کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ سے دالبندین آنے والی ایک کارگو بس کو سامان اور عملے سمیت اغوا کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کارگو بس میں بڑی مقدار میں چاول اور (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

پیشگی حفاظتی اور رسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں، احسن اقبال

تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ مزید موثر بنائیں اور پیشگی حفاظتی اور رسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ہدایت کی ہے کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ مزید موثر بنائیں اور پیشگی حفاظتی او رسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں۔ جمعہ کو این ڈی ایم اے سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی میں ایمرجنسی رسپانس کمیٹی (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد، مولانا فضل الرحمان کے ساتھ سڑکوں پر نکلیں گے، تحریک انصاف

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف نے بلاول بھٹو کی پیشکش مسترد کر دی۔ (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

عوام اور تاجر آزادی کی تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، ضیاء لانگو

شہر بھر میں تجارتی سرگرمیاں عروج پر ہے، شہر بھر میں معاملات زندگی معمول پر اور ٹریفک رواں دواں ہے کہیں بھی روڈ پر بند نہیں ہے

عوام منفی خبروں پر کان نہ دھریں، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی شہر کے دورے کے موقع پر عوام اور تاجروں سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے جمعہ کو اچانک شہر کے مختلف علاقوں لیاقت بازار، قندھاری بازار، پرنس روڈ، زرغون روڈ، سریاب روڈ، بروری روڈ، گاہی چوک، جوائنٹ روڈ کا دورہ کیا اس موقعے پر معاون خصوصی برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی بھی انکے ہمراہ موجود تھے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے شہریوں بھر میں سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا وزیر داخلہ بلوچستان عوام اور دکانداروں سے بھی ملے۔ وزیر داخلہ نے شہر میں سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ شہر بھر میں تجارتی سرگرمیاں عروج (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر میں تیسرے مرحلے کے انتخابی شیڈول میں تبدیلی، 2 اضلاع کے الیکشن ملتوی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں ہونے والے تیسرے مرحلے کے انتخابی شیڈول میں تبدیلی کر دی گئی۔ آزاد کشمیر (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

جو بھی وزیر ملا سب نے کہا ہماری بیوروکریسی ڈرتی ہے کام نہیں کرتی، چیئرمین نیب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیب نذیر احمد بٹ نے کہا ہے کہ جو بھی وزیر ملا سب نے کہا ہماری بیوروکریسی ڈرتی ہے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)



مکہ مکرمہ' وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر اور وفاقی وزراء عمرہ ادا کر رہے ہیں

ڈاکٹروں کے تمام جائز مطالبات اور مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائیگا، بخت کاکڑ

حکومت ڈاکٹر برادری کو صوبے کے صحت کے نظام کا بنیادی ستون سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ مسلسل مشاورت کا عمل جاری رکھے گی، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جمعہ کو صدر پی ایم اے کوئٹہ برانچ ڈاکٹر نادر خان اچکزئی کی قیادت میں وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں شعبہ صحت کو درپیش چیلنجز، ڈاکٹروں کے مسائل، تدریسی و ٹرشری کیئر ہسپتالوں کی انتظامی صورتحال اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی زیر صدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس

مہنگائی میں 2 فیصد کمی، اشیائے خورونوش کے معیار اور ضروری اشیا کی قیمتوں کے رجحانات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

اگست کے پہلے ہفتے ہی مہنگائی کی رفتار میں اضافہ، 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں

ایک ہفتے میں میں 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال 2026-27 کے دوسرے ماہ (اگست 2026) کے پہلے ہفتے مہنگائی کی رفتار میں اضافہ ہو گیا ہے اور پچھلے ماہ کے آخری ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح میں کمی کے بعد رواں ہفتے پھر ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 0.28 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار 9.29 فیصد رہی ہے حالیہ ایک ہفتے میں میں 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
کوئٹہ
بلوچستان آبزرور

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

ایران پاکستان کا آزاد تجارتی معاہدہ کو حتمی شکل دینے پر اتفاق

ایران اور پاکستان نے جلد از جلد آزاد تجارتی معاہدہ کو حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا ہے یہ فیصلہ گزشتہ روز اسلام آباد میں ہونے والی دسویں پاک۔ایران مشترکہ تجارتی کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا جہاں دونوں ممالک نے باہمی تجارت کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے ایک دیرینہ مطالبے پر عمل درآمد کا آغاز ہو گیا ہے اس سلسلے میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان نے صوبے کی تجارت پیشہ افراد کی آواز بن کر ہر فورم پر صدائے حق بلند کی تھی بلکہ اسے جوائنٹ بارڈر کمیٹی کے ایجنڈے میں بھی شامل کیا اس معاہدے سے پاک ایران تجارتی تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچیں گے، آزاد تجارتی معاہدہ صرف ایک اقتصادی پیش رفت نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے اقتصادی تعاون کی علامت بھی سمجھا جا رہا ہے۔ معاہدے میں سرحدی منڈیوں، بارٹر ٹریڈ اور زرعی تجارت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی روابط مزید مستحکم ہونے کی توقع ہے۔ معاہدے کے تمام معاملات کو جلد مکمل کر کے اس پر دستخط کئے جائیں گے اس معاہدے سے دونوں برادر اسلامی ممالک کو معاشی فوائد ملیں گے بلکہ بزنس کمیونٹی اور عوام بھی خوشحال ہو گے، چیمبر آف کامرس نے صوبے کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ کیا گیا ایک اور وعدہ وفا کر دیا ہے۔ اسلام آباد میں 3 روز تک جاری رہے والے پاک ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی اجلاس کے اختتام پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ایران کے وزیر صنعت، کان کنی وتجارت سید محمد اتابک نے متفقہ اعلامیے پر دستخط کیے۔ حکام کا کہنا تھا کہ 10 ارب ڈالر کے باہمی تجارتی اہداف کے حصول کیلئے عملی اقدامات تیز کیے جائیں گے اجلاس میں دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کیلئے عملی اقدامات تیز کرنے پر اتفاق کیا بلکہ مجوزہ آزاد تجارتی معاہدے کیلئے (of Rules Origin) اور ٹیرف میں کمی کے طریقہ کار پر بھی نمایاں پیش رفت ہوئی۔ اس کے علاوہ، دونوں فریقوں نے کاروباری اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانے اور سرحد پار تجارت کو آسان بنانے کیلئے بارٹر ٹریڈ (اشیا کے بدلے اشیا کی تجارت) کے نظام کو وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے ٹریڈ کمیٹی کے اجلاس میں آزاد تجارتی معاہدے کے قواعد وضوابط اور ٹیرف میں کمی کے طریقہ کار پر نمایاں پیش رفت ہوئی اور دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ اجلاس میں کاروباری اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانے اور بارٹر ٹریڈ (اشیا کے بدلے اشیا کی تجارت) کو فروغ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ چیدگی۔ کوہک سرحدی بازار کی جلد تکمیل پر اتفاق کیا گیا تا کہ سرحدی تجارت کو وسعت دی جا سکے

ماہ آزادی کا آغاز اور چند سوالات

ماہ آزادی کا آغاز ہو گیا ہے۔ پاکستان کو معرض وجود میں آئے چند دن میں 79 سال مکمل ہو جائیں گے۔ ہر سال 14 اگست پر کیا ہمارا یہ شعار نہیں ہونا چاہیے، کہ ہم اپنی گزشتہ کارکردگی پر باریک بینی سے نظر دوڑائیں۔ یہ تجزیہ کریں کہ اتنے سال گزرنے کے بعد آزادی سے پہلے دیکھے گئے خواب کی تکمیل کرنے میں ہم کتنے کامیاب اور کتنے ناکام رہے ہیں۔ کامیابیوں کا جشن منا سکیں، اور ناکامیوں کی وجوہات پر غور کر کے اس کو بہتر بنانے کی تدابیر پر عمل درآمد شروع کر سکیں، تا کہ اگلے سال ہم فخر سے یہ کہہ سکیں کہ پچھلے سال کی نسبت اس سال ہم چند قدم آگے ہی آئے ہیں۔ پیچھے کی طرف نہیں گئے۔

اب ایک اہم سوال، کیا اس سال 14 اگست کے دن ہم اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر یہ کہہ سکتے ہیں، کہ اتنے سالوں میں ہمارا سفر ترقی کی طرف ہی جاری ہے؟ کیا ہم اپنا تجزیہ کرنے کو تیار ہیں؟

پاکستان ان 79 سالوں میں جس سب سے بڑے مسئلے کا شکار رہا ہے، وہ ہے خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے افراد کی سطح کو بلند کرنا۔ ویسے تو یہ کام حکومت نے خط غربت کی سطح کو 8483 روپے مقرر کر کے غیر سنجیدگی سے کرنے کی کوشش تو کی ہے۔ سال 2019 میں پاکستان میں غربت کی شرح 21.90 فیصد تھی، جو 2026 میں بڑھ کر 28.90 فیصد ہو چکی ہے۔ انسانی ترقی کے عالمی انڈیکس HDI کی رپورٹ کے مطابق پاکستان 193 ممالک کی فہرست میں 168 ویں نمبر پر براجمان ہے۔ اسی طرح اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان کی 45% آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہے۔ مطلب پاکستان میں غریب امیر نہیں بن رہا، بلکہ امیر غریب کی فہرست میں شامل ہو رہا ہے۔ کیا اس الٹے گھومتے پہیہ کو تصور

پاکستان کے خواب کی تعبیر تسلیم کیا جا سکتا ہے؟ اس کے لئے حکومتی کاوشیں نیک نیتی سے عمل پذیر ہوتی کیوں نظر نہیں آ رہی ہیں؟

یہی حال پاکستان میں تعلیم کے شعبے کے ساتھ بھی ہے۔ پاکستان کا تعلیمی نظام اس وقت دنیا میں 136 ویں نمبر پر ہے۔ یونیسکو کے حالیہ اعداد وشمار کے مطابق ڈھائی کروڑ سے زیادہ بچے اسکولوں میں نہیں جاتے۔ ان کی لکھنے پڑھنے کی عمر مزدوریاں کرتے گزر جاتی ہے۔ نائیجیریا کے بعد پاکستان دوسرا بڑا ملک ہے، جہاں بچوں کی اتنی بڑی تعداد تعلیم سے محروم ہے۔ مناسب منصوبہ بندی سے یہی بچے پڑھ لکھ کر پاکستان کا مستقبل روشن رکھنے کی امید ہیں۔ ان کی طرف فوری توجہ کی ضرورت ہے۔

مرتب کردہ 2026 کی کم بدعنوان ممالک کی فہرست میں اس سال ہمارا نمبر 135 سے گر کر 136 ویں نمبر پر آ گیا ہے۔ کیا ہم اس کو ترقی کی طرف گامزن یا آگے کی طرف سفر کہہ کر مطمئن ہو سکتے ہیں؟ کیا ہمارے سرکاری اداروں میں سائلین کی دادرسی مکمل دیانت داری اور ایمانداری کے ساتھ بہم پہنچائی جا رہی ہے؟

ورلڈ جسٹس پروجیکٹ کہ رپورٹ کے مطابق پاکستانی عدالتی نظام دنیا کے 143 ممالک کہ فہرست میں 130 ویں نمبر پر موجود ہے۔ عدالتی نظام میں 130 واں نمبر حاصل کر کے کیا ہم یہ فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ انصاف سب کو مکمل انصاف سے مل رہا ہے؟ اس کا جواب ہوگا۔ نہیں، ایسا بالکل نہیں ہے۔ سالہا سال عدالتوں سے انصاف کی امید رکھنے والوں کی بے بس ولاچار کہانیاں ہمارے نظام انصاف پر سیاہ دھبہ ضرور ہیں۔

اسی طرح ایک وقت تھا جب چند کھیلوں میں پاکستان کی بادشاہی تسلیم کی جاتی تھی۔ کھیلوں کے میدانوں میں سبز ہلالی پرچم اپنی بھرپور موجودگی کا احساس ضرور دلایا کرتا تھا۔ کیا اب بھی ویسی ہی صورتحال ہے؟ ہاکی جو ہمارا قومی کھیل ہے۔ اس میدان میں عرصہ ہوا ہم کسی میڈل کا منہ نہیں دیکھ سکے ہیں۔ اسکوائش میں کوئی قابل ذکر کھلاڑی موجودہ دور میں نظر نہیں آ رہا ہے۔ اسنوکر کے کھیل میں عرصہ دراز سے خوشخبری سننے کو نہیں مل رہی۔ باکسنگ تنزلی کا شکار ہوتی جا رہی ہے۔ کرکٹ کے میدانوں سے آتی مسلسل شکست کہ خبریں، اب ہمیں اس میدان میں بھی کمزور ثابت کر رہی ہیں۔

ملک میں بدامنی اور دہشت گردی کا راج بھی بڑھتا جا رہا ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں سے جرائم کی متواتر بڑھتی خبریں، ہمارے محکمہ پولیس کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ یہ بات حقیقت ہے کہ پولیس کے جوانوں نے مختلف مواقع پر بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا ہے، لیکن حالات اب بھی ان سے مزید ایمانداری اور بہادری سے ان جرائم پر قابو پانے کی توقع کر رہے ہیں۔ ایک منظم حکمت عملی کے تحت تمام جرائم کا خاتمہ وقت کہ اہم ضرورت ہے۔ پر امن پاکستان ہی ترقی یافتہ پاکستان کہلا سکتا ہے۔ یہ نہیں کہ ہر طرف سیاہ بادل ہی چھائے ہوئے ہیں۔ کچھ روشن چراغ بھی جگمگا رہے ہیں۔ پہلی اسلامی نیوکلیئر ریاست کا ہونا ہر پاکستانی کے لئے قابل فخر بات ہے۔ گزشتہ سال بھارتی جنگی جنون کا منہ توڑ جواب بھی پاکستان کے عزم و حوصلے کی سنہری داستان ہے۔ اسی طرح انفرادی کاوشوں سے ملک کا نام روشن کرنے والے پاکستانیوں کی کمی نہیں ہے، لیکن ہمیں اجتماعی طور پر ایک مضبوط، طاقتور اور ترقی یافتہ پاکستان دنیا کے نقشے پر دیکھنا ہے۔

موجودہ حالات میں ہر شعبے میں الٹا گھومتا یہ پہیہ اس بات کا متقاضی ہے، کہ تمام عوامل پر خوب غور وخوض کیا جانا چاہیے۔ جامع پالیسی مرتب کرنی چاہیے۔ ایک ایسا نظام بنانا چاہیے، جس سے تمام شعبہ ہائے زندگی میں اصلاحات کی جا سکیں۔ تا کہ اگلے سال جب ہم اپنا تجزیہ کریں تو ہر شعبے میں ہمارے اعشاریے مثبت پیش قدمی ظاہر کر رہے ہوں۔ وگرنہ سال تو ہر سال آتا ہے، اور غفلت میں ڈوبی قوم کو جاگنے کی تنبیہ کر کے گزر جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆
☆☆

گرین گوادر موومنٹ کی کامیابی ہماری مشترکہ ذمہ داری

تحریر: طارق بلوچ
اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات، گوادر

صاف، سرسبز اور ماحول دوست شہر کسی بھی مہذب معاشرے کی پہچان ہوتے ہیں۔ درخت، صاف ماحول اور مؤثر صفائی کا نظام نہ صرف شہری حسن میں اضافہ کرتے ہیں بلکہ انسانی صحت، معاشی ترقی اور پائیدار مستقبل کی بھی ضمانت بنتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حکومتِ بلوچستان اپنے ترقیاتی وژن کے تحت ماحولیات کے تحفظ، تجرکاری، صفائی اور پائیدار شہری ترقی کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے تا کہ آئندہ نسلوں کو ایک محفوظ، صحت مند اور سرسبز ماحول فراہم کیا جا سکے۔ درخت قدرت کا انمول تحفہ ہیں۔ یہ ہمیں آکسیجن فراہم کرتے ہیں، فضائی آلودگی کم کرتے ہیں، درجہ حرارت میں اعتدال پیدا کرتے ہیں، بارشوں کے نظام کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں، مٹی کے کٹاؤ کو روکتے ہیں اور پرندوں وجنگلی حیات کے لیے محفوظ مسکن فراہم کرتے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے پیش نظر تجرکاری اب صرف ایک سماجی سرگرمی نہیں بلکہ وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ گوادر پاکستان کی معاشی ترقی کا مستقبل، سی پیک کا اہم مرکز اور عالمی سرمایہ کاری کا محور ہے۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی شہری آبادی، ترقیاتی منصوبوں اور صنعتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ماحولیات کا تحفظ بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ گوادر کی گرم اور خشک آب وہوا اس امر کی متقاضی ہے کہ شہر میں بڑے پیمانے پر تجرکاری کی جائے تا کہ گرمی کی شدت میں کمی آئے، فضائی معیار بہتر ہو اور شہریوں کو صحت مند ماحول میسر آ سکے۔ ماہرین کے مطابق گوادر کو حقیقی معنوں میں گرین سٹی بنانے کے لیے لاکھوں نئے درختوں کی ضرورت ہے، اور یہ ہدف صرف حکومتی ادارے اکیلے حاصل نہیں کر سکتے بلکہ اس کے لیے عوامی شمولیت ناگزیر ہے۔ اسی قومی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے گرین گوادر موومنٹ کا آغاز کیا، جس کا مقصد شہر کو سرسبز، خوبصورت، صاف ستھرا اور ماحول دوست بنانا ہے۔ اس مہم کے تحت شاہراہوں، پارکوں، تعلیمی اداروں، سرکاری دفاتر، ساحلی علاقوں، قبرستانوں اور دیگر عوامی مقامات پر بڑے پیمانے پر تجرکاری کی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صفائی، خوبصورتی اور ماحول دوست شہری کلچر کے فروغ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ تجرکاری کو محض ایک سرکاری سرگرمی تک محدود رکھنے کے بجائے اس باشعور افراد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے ماحولیات کے تحفظ کا تقاضا صرف درخت لگانا نہیں بلکہ ان کی بقا کو یقینی بنانا بھی ہے۔ ایک پودا لگانا نیکی ہے، لیکن اس کی مسلسل دیکھ بھال، بروقت آبپاشی، جانوروں سے حفاظت اور مناسب نگہداشت ہی اسے ایک تناور درخت بناتی ہے۔ اسی طرح صفائی بھی ہر شہری کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر ہم سڑکوں، ساحلوں، پارکوں اور عوامی مقامات پر کچرا پھینکنے سے گریز کریں، پلاسٹک کے غیر ضروری استعمال میں کمی لائیں اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھیں تو گوادر کو ایک مثالی ماحول دوست شہر بنایا جا سکتا ہے۔ الحمدللہ، حالیہ دنوں چند مخلص دوستوں کے تعاون سے کوہ پاتیل کے دامن میں واقع قدیم قبرستان میں تجرکاری کا آغاز کیا گیا۔ اس موقع پر سب سے زیادہ خوش آئند بات یہ تھی کہ قبرستان کے اطراف آباد متعدد خاندانوں نے ازخود ان پودوں کی نگہداشت کی ذمہ داری قبول کی۔ یہ جذبہ اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ جب عوام اور سرکاری ادارے مل کر کام کریں تو ترقی کے سفر کو نئی رفتار ملتی ہے۔ قبرستان ہمارے والدین، بزرگوں، عزیز و اقارب اور دیگر مرحومین کی آخری آرام گاہ ہیں۔ ان کے اطراف تجرکاری اور صفائی کا اہتمام نہ صرف ماحول کی خدمت ہے بلکہ اپنے مرحومین سے محبت، احترام اور ایصالِ ثواب کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ ایسے اقدامات صدقہ جاریہ کی عملی مثال ہیں جو دنیا وآخرت دونوں میں اجر کا باعث بن سکتے ہیں۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ گرین گوادر موومنٹ کو صرف ایک سرکاری مہم نہ سمجھا جائے بلکہ ہر شہری اسے اپنی ذاتی اور قومی ذمہ داری سمجھے۔ سماجی تنظیمیں، تعلیمی ادارے، تاجر برادری، صنعت کار، نوجوان، خواتین، طلبہ اور رضا کار اس مشن میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ہر فرد کم از کم ایک درخت ضرور لگائے، اور اگر ایسا ممکن نہ ہو تو کم از کم ایک موجودہ درخت کی حفاظت کی ذمہ داری ضرور قبول کرے۔ اسی طرح اپنے گھر، محلے، بازار، ساحل اور عوامی مقامات کو صاف رکھنا بھی اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائے۔ ہم سب اگر حکومتِ بلوچستان کے وژن، ماحولیاتی پالیسی اور گرین گوادر موومنٹ کے مقاصد کو اپنی اجتماعی ذمہ داری سمجھتے ہوئے عملی کردار ادا کریں تو وہ دن دور نہیں جب گوادر صرف معاشی ترقی، بندرگاہ اور سرمایہ کاری کی وجہ سے ہی نہیں بلکہ اپنی سرسبزی، صفائی، خوبصورتی، ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار شہری ترقی کے حوالے سے بھی پورے پاکستان کے لیے ایک مثالی شہر بن جائے گا۔ یہی ہمارے بچوں کے لیے بہترین ورثہ، ہمارے شہر سے حقیقی محبت کا عملی اظہار اور قومی خدمت کا بہترین نمونہ ہوگا۔

نئے انتظامی صوبوں کی ضرورت

202606,Aug رائے, اداراتی مضامین
گزشتہ دنوں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بیان دیا کہ موجودہ نظام ناکام ہو چکا ہے اور نئے صوبے بننے چاہئیں۔ یہی بات تو تحریک استقلال نے اپنے 1979ء کے انتخابی منشور میں ملک کو مزید صوبوں میں تقسیم

رحمت خان وردگ

کرنے اور صوبوں کے نام لسانیت کے نام سے ہٹانے کا اعلان کیا تھا۔ اب آبادی میں اضافے کی شرح سے ملک کے ہر ڈویژن کو صوبہ بنایا جائے اور وفاق کے پاس صرف دفاع، کرنسی اور مواصلات کے محکمے ہوں، باقی تمام امور میں صوبے خودمختار ہوں۔ دنیا بھر میں صوبے بھی چند اہم امور اپنے پاس رکھ کر باقی تمام امور ضلع، تحصیل اور یونین کونسل تک تقسیم کرتے ہیں اور بہت زیادہ فنڈز اور اختیارات یونین کونسل کی سطح پر ہوتے ہیں تا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات اور انصاف مل سکے لیکن ہمارے ہاں معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے اور وفاق وصوبوں میں بہت زیادہ اختیارات رکھ کر عوام کو مسائل کے دلدل میں دھکیلا گیا۔

سب سے پہلے تو بہاولپور کو صوبہ بنایا جائے کیونکہ قیام پاکستان کے وقت بہاولپور ایک ریاست تھی اور اس قدر مالدار ریاست تھی کہ نواب آف بہاولپور نے پاکستان کے پہلے بجٹ کے لئے مالی امداد دی تھی۔ ون یونٹ سے قبل بہاولپور کی اپنی اسمبلی تھی اور ون یونٹ کے قیام کے وقت بہاولپور سے وعدہ کیا گیا تھا کہ جب بھی صوبے بحال کئے جائیں گے تو بہاولپور کو بھی بطور صوبہ بحال کر دیا جائے گا لیکن ان سے وعدہ خلافی کی گئی۔ بہاولپور کو الگ صوبہ ہر صورت بننا چاہئے اور بہاولپور ریاست جس علاقے پر مشتمل تھی اسی میں بہاولپور صوبہ بنایا جائے۔ سب سے پہلے الگ صوبہ بہاولپور کے عوام کا حق ہے۔ پنجاب میں صوبہ بہاولپور بننے سے آغاز ہوگا تو چھوٹے صوبے بھی نئے صوبوں کے قیام پر اعتراض وسیاست نہیں کر سکیں گے۔

دنیا بھر میں آبادی میں اضافے کی شرح سے نئے صوبے قائم ہوتے رہتے ہیں تا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات میسر آ سکیں لیکن بدقسمتی سے وطن عزیز پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام کو متنازعہ بنا کر بہت بڑے کارنامے میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ امریکہ اور یورپی ممالک میں زیادہ تر صوبے و ریاستیں تقریباً ایک کروڑ آبادی سے بھی کم پر مشتمل ہیں اور ہر ریاست وصوبہ دفاع، کرنسی اور مواصلات کے امور کو چھوڑ کر باقی تمام معاملات میں خودمختار ہے۔ لیکن یہاں پہلے ہی صوبوں کے نام لسانیت کی بنیاد پر رکھے جانے کی وجہ سے بدقسمتی سے ہم ایک قوم نہیں بن پائے اور ملک میں لسانیت کی جڑیں مضبوط ہوئیں۔ ہمارے ہاں یہ وطیرہ رہا ہے کہ اختیارات و وسائل وفاق اور صوبوں میں رکھ کر ہر علاقے میں سیاسی جماعتوں نے تھانے اور پٹوار خانے پر مکمل قبضہ جمائے رکھا اور عوام کو یہ بات ذہن نشین کرائی گئی کہ اگر ہماری اطاعت اور ہمدردی کے تابع رہو گے تو تھانے اور پٹوار خانے میں تمام سہولیات ملیں گی بصورت دیگر تمہیں زندہ درگور کر دیا جائے گا اور آئے روز اس طرح کی خبریں آتی ہیں کہ فلاں غریب پر ظلم کے پہاڑ توڑ کر اس سے زندہ رہنے کا حق چھین لیا گیا یا اس کے مکان یا زمین پر مقامی سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والی شخصیت نے قبضہ کر لیا۔

ہونا تو یہ چاہئے کہ ہر ڈویژن کو انتظامی صوبہ بنا کر سپریم کورٹ کے بنچ بنائے جائیں اور ہر انتظامی صوبے کا اپنا ہائی کورٹ ہو کیونکہ اس وقت یہ صورتحال ہے کہ عوام کو ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں انصاف کے حصول کے لئے 8-8 گھنٹے کا سفر کر کے اپنی تمام دیگر مصروفیات ترک کر کے بڑے شہروں میں جانا پڑتا ہے اور ججوں کی تعداد میں کمی کے باعث کئی کئی نسلوں تک انصاف نہیں مل پاتا۔ جب تک سستے اور فوری انصاف کی فراہمی ممکن نہیں بنادی جاتی اس وقت تک ملک کے عوام کی حالت زار بہتر نہیں ہو سکتی۔ بدقسمتی سے یہاں ہر شعبے میں غریب کا استحصال ہوتا ہے اور انصاف کا حصول صرف دولت مند کے لئے ممکن ہے اور غریب کی کئی کئی نسلیں کورٹ کچہری کے چکر لگا لگا کر ابدی نیند سو جاتی ہیں۔ میرا ذاتی ایک کیس 10 سال تک چلا اور تب جا کر مجھے انصاف ملا حالانکہ یہی معاملہ 6 ماہ میں حل کیا جانا چاہئے تھا۔ اسی طرح انتظامی و پولیس کا ڈھانچہ بھی ایسا ہونا چاہئے کہ یونین کونسل کی سطح تک اختیارات و وسائل تقسیم ہوں۔ اسی طرح بلدیاتی نظام بھی غیر موثر ہے کیونکہ بلدیاتی نظام بنانے والوں نے برائے نام بلدیاتی نظام رائج کیا ہے جبکہ اصل اختیارات و وسائل صوبوں نے اپنے پاس رکھ لئے ہیں۔ سارے کا سارا نظام ہی ناکام ہو چکا ہے اور اس نظام میں تبدیلی کے بغیر مسائل کا حل ناممکن ہو چکا ہے۔ نظام آخر کس طرح درست ہوگا جب جزا وسزا کا نظام یکسر موجود ہی نہ ہو؟

ہر صوبائی اسمبلی کے حلقے کو قومی اسمبلی کا حلقہ قرار دیا جائے اور اسمیں دو صوبائی اسمبلی کی نشستیں ہوں کیونکہ حلقے اتنے بڑے ہیں کہ امیدوار الیکشن مہم کے دوران اپنے پورے حلقے میں مہم بھی نہیں چلا سکتا۔ ہر ڈویژن کو صوبہ بنانے پر یہ بات بھی کی جاتی ہے کہ پہلے 4 صوبائی اسمبلیوں اور ان کے اراکین پر اتنے وسائل خرچ ہو رہے ہیں تو مزید صوبوں کے بنائے جانے کے بعد قومی خزانے پر مزید بوجھ بڑھے گا۔ اسی لئے تو نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے اور موثر بلدیاتی نظام میں ہی مسائل کا حل مضمر ہے لیکن نئے صوبوں کے قیام کے بعد کوئی خرچہ نہیں کیا جانا چاہئے بلکہ کمشنر آفس کو ہی صوبائی ہیڈ آفس بنا کر اسی جگہ سے معاملات چلائے جانے چاہئیں۔

☆☆☆☆

خصوصی اشاعت

بلوچستان آبزرور

''شہید تیمور شاہ کاکڑ'' ایسا چراغ جو بجھ کر بھی روشن ہے

سانحہ 8 اگست 2016ء کے عظیم شہداء کو خراجِ عقیدت



تاریخ کے صفحات پر کچھ نام ایسے ثبت ہو جاتے ہیں جو وقت گزرنے کے ساتھ دھندلے نہیں ہوتے بلکہ مزید روشن ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگ اپنی زندگی کی طوالت سے نہیں بلکہ اپنے کردار، اپنے اخلاق، اپنی خدمت اور اپنی قربانی سے

تحریر: قیوم بلوچ

پہچانے جاتے ہیں۔ بلوچستان کے ان ہی روشن ناموں میں ایک نام شہید تیمور شاہ کاکڑ ایڈووکیٹ کا بھی ہے۔ جنہوں نے اپنی مختصر مگر باوقار زندگی میں محبت، خلوص، شرافت اور خدمتِ خلق کی ایسی مثال قائم کی جو آج بھی انہیں جاننے والوں کے دلوں میں زندہ ہے۔ 8 اگست 2016 کا دن بلوچستان کی تاریخ کا ایک ایسا سیاہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اس دن دہشت گردی نے صرف قیمتی جانیں ہی نہیں لیں بلکہ انصاف، قانون، علم اور امید کے کئی روشن چراغ بجھا دیے۔ سول ہسپتال کوئٹہ میں ہونے والے خودکش حملے نے درجنوں خاندانوں سے ان کے پیارے چھین لیے اور وکلاء برادری کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا۔ انہی عظیم شہداء میں شہید تیمور شاہ کاکڑ بھی شامل تھے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ ایک وکیل ضرور تھے، مگر ان کی پہچان صرف وکالت تک محدود نہیں تھی۔ وہ نرم خو، خوش اخلاق، باوقار اور انسان دوست شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ہر شخص سے احترام سے پیش آتے، دوسروں کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتے اور حتیٰ المقدور مدد کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ان کے دوستوں، ساتھیوں اور جاننے والوں کے دلوں میں ان کے لیے بے حد محبت اور احترام پایا جاتا تھا۔

ان کا تعلق معروف کاروباری خاندان سے تھا۔ وہ معروف ٹرانسپورٹ ادارے شاہ موورز کے بانی مرحوم ظاہر شاہ کاکڑ کے بھائی تھے۔ ایک باوقار خاندانی پس منظر رکھنے کے باوجود ان میں غرور نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ عاجزی، شائستگی اور خندہ پیشانی ان کی شخصیت کا حصہ تھی۔ وہ لوگوں سے رشتہ عہدوں یا حیثیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ انسانیت کی بنیاد پر استوار کرتے تھے۔ بچپن ہی سے ان کی طبیعت میں سنجیدگی، شائستگی اور ذمہ داری نمایاں تھی۔ وہ اپنے بزرگوں کا احترام، دوستوں سے وفاداری اور چھوٹوں سے شفقت کو اپنی زندگی کا اصول سمجھتے تھے۔ انہیں دیکھنے والا ہر شخص ان کے مہذب رویے اور متوازن گفتگو سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا تھا۔ وہ اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے دلیل، برداشت اور حسنِ اخلاق سے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے تھے۔ وکالت کا شعبہ انہوں نے صرف روزگار کے لیے نہیں بلکہ انصاف کے قیام کے جذبے کے ساتھ اختیار کیا۔ وہ اس سوچ کے حامل تھے کہ قانون کمزور اور مظلوم کے حقوق کا محافظ ہونا چاہیے۔ ان کا یقین تھا کہ ایک مضبوط معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں قانون سب کے لیے یکساں ہو اور انصاف بلا امتیاز فراہم کیا جائے۔ یہی سوچ انہیں اپنے ساتھی وکلاء میں ممتاز بناتی تھی۔ وہ عدالت کو صرف ایک پیشہ ورانہ میدان نہیں بلکہ انصاف کے مقدس ادارے کے طور پر دیکھتے تھے۔ ان کے نزدیک وکیل کا اصل فرض حق اور انصاف کی سربلندی تھا، نہ کہ ذاتی مفاد۔ اسی وجہ سے وہ اپنے مؤکلین کے ساتھ نہایت دیانت داری اور اخلاص سے پیش آتے تھے اور ہمیشہ قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے تھے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ کی شخصیت میں خدمتِ خلق کا جذبہ نمایاں تھا۔ وہ سماجی تقریبات، عوامی مسائل اور رفاہی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتے تھے۔ ان کے لیے دوسروں کی خوشی اپنی خوشی اور دوسروں کا دکھ اپنا دکھ تھا۔ ان کے اخلاق اور کردار نے انہیں لوگوں کے دلوں میں ایک خاص مقام عطا کیا۔ وہ نوجوانوں کی رہنمائی کو بھی اپنی سماجی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ جب بھی کسی نوجوان کو تعلیم، کیریئر یا قانونی شعبے سے متعلق رہنمائی کی ضرورت پیش آتی، وہ خندہ پیشانی سے اس کی حوصلہ افزائی کرتے۔ ان کی خواہش تھی کہ بلوچستان کے نوجوان تعلیم، شعور اور قانون کی طاقت سے اپنا مستقبل سنواریں۔ 8 اگست 2016 سے قبل بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی کی کئی دردناک وارداتوں کا سامنا کر چکا تھا، مگر اس دن پیش آنے والا سانحہ اپنی نوعیت کا منفرد اور انتہائی المناک تھا۔ دہشت گردوں نے جان بوجھ کر ایسے افراد کو نشانہ بنایا جو قانون، انصاف اور آئین کے محافظ تھے۔ اس حملے نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو سوگوار کر دیا۔ پھر وہ المناک لمحہ آیا جب بلوچستان بار ایسوسی ایشن کے صدر بلال انور کاسی کی شہادت کے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں جمع ہونے والے وکلاء، صحافیوں اور شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا۔ چند سیکنڈوں میں ہر طرف قیامت کا منظر تھا۔ سیاہ کوٹ خون سے سرخ ہو گئے، آہ و بکا کی صدائیں بلند ہوئیں، اور کئی گھر ہمیشہ کے لیے ویران ہو گئے۔

یہ حملہ دراصل پاکستان کے عدالتی نظام پر حملہ تھا۔ اس دن بلوچستان نے صرف قابل وکلاء ہی نہیں بلکہ مستقبل کے جج، قانونی ماہرین، سماجی رہنماؤں اور قوم کے ذہین سپوتوں کو کھو دیا۔ اس سانحے کے اثرات آج بھی محسوس کیے جاتے ہیں اور اس کی یاد ہر سال قوم کے زخم تازہ کر دیتی ہے۔ اس اندوہناک سانحے میں شہید تیمور شاہ کاکڑ بھی اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئے۔ ان کی شہادت صرف ان کے خاندان کا نقصان نہیں تھی بلکہ پوری وکلاء برادری، ان کے دوستوں، عزیزوں اور بلوچستان کے لیے ایک بڑا صدمہ تھی۔ ایسے کردار بار بار پیدا نہیں ہوتے۔ ان کی جدائی نے ان کے اہلِ خانہ، دوستوں اور چاہنے والوں کو ایسا غم دیا جس کی تلافی ممکن نہیں۔ لیکن شہداء کبھی مرتے نہیں، وہ اپنی نیکیوں، خدمات اور کردار کے ذریعے ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی ان کا ذکر احترام، محبت اور عقیدت سے کیا جاتا ہے۔ شہادت کا مفہوم صرف جان کا نذرانہ پیش کرنا نہیں بلکہ سچائی، اصول اور انسانیت کیلئے اپنی زندگی وقف کرنا بھی ہے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ کی پوری زندگی اسی فکر کی آئینہ دار تھی۔ ان کا نام آج بھی احترام سے لیا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنے اخلاق، خلوص اور کردار کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ قرآنِ کریم میں شہداء کو زندہ قرار دیا گیا ہے۔ یہی عقیدہ

1

سربراہی اجلاس مکہ کے الصفہ پیلس میں ہوا جس میں سعودی عرب کی جانب سے محمد بن سلمان، ترکیہ کی جانب سے طیب اردوان اور پاکستان کی جانب سے وزیراعظم شہباز شریف شریک ہوئے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اجلاس میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کی جانب سے مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے گئے، معاہدے کو مکہ ڈیفنس جوائنٹ ایگریمنٹ کا نام دیا گیا ہے، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان، وزیراعظم شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق معاہدے کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کیخلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا ہے، سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان دفاعی تعاون کو فروغ دیا جائیگا۔

2

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے جمہوریہ ترکیہ کے صدر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم کا مکہ المکرّمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرّمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مملکت سعودی عرب، جمہوریہ ترکیہ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان قائم دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، تیز راہی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تینوں ممالک کے مابین دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے پائیدار رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی شعبے میں طویل عرصے سے جاری تعاون کی رونق میں مملکت سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ دفاعی معاہدے کے بعد تینوں رہنماؤں نے گرمجوشی سے مصافحہ کیا ان کے درمیان انتہائی خوشگوار ماحول میں غیر رسمی جملوں کا بھی تبادلہ ہوا۔اس موقع پر چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔ بیان کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کی جانب سے اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کا حصول کو یقینی بنایا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں یہ واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ مزید برآں معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مضبوط بنانے کی بھی ضمانت دیتا ہے۔قبل ازیں دفتر خارجہ کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا گیا جبکہ باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تینوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے مضبوط رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور طویل عرصے سے جاری دفاعی تعاون کو مدنظر رکھتے ہوئے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کے اس مشترکہ عزم کا مظہر ہے کہ وہ اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مضبوط بنائیں گے اور خطے سمیت عالمی سطح پر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے مل کر کام کریں گے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھی جاسکے۔ اس معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت اور اجتماعی قوت کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے کے مطابق تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والا کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ملکوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔معاہدے میں یہ بھی طے پایا ہے کہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔دریں اثناء اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے اور اس سے باہر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ایکس پر اپنی پوسٹ میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے، دفاعی تعاون کو مزید گہرا کرتا ہے اور تینوں برادر ممالک کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لئے مشترکہ عزم کی توثیق کرتا ہے۔صدر مملکت نے اس اہم اقدام کو آگے بڑھانے میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ یہ اقدام برادرانہ تعلقات اور سٹریٹجک شراکت داری کے دیرینہ رشتوں پر استوار ہے۔صدر مملکت نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی معاہدے کو بابرکت بنائے اور پوری امت مسلمہ کو دائمی امن، سلامتی اور خوشحالی عطا فرمائے دوسری جانب سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے معاہدے پر رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ علاقائی امن کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے۔

3

کو نئی جہت دے گا بلکہ تینوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو بھی مزید مستحکم کرے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات تاریخی، برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں، جبکہ ترکیہ بھی پاکستان کا قابل اعتماد دوست اور برادر ملک ہے۔ تینوں ممالک کا قریبی تعاون مسلم دنیا میں باہمی یکجہتی، تعاون اور مشترکہ مفادات کے فروغ کا باعث بنے گا۔انہوں نے کہا کہ اہم معاہدے کو ممکن بنانے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کا کردار قابلِ تحسین ہے، جنہوں نے قومی مفادات اور خطے کے امن وسلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے اس اہم پیشرفت کو آگے بڑھایا۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مکہ مکرمہ میں ہونے والے اس تاریخی معاہدے کو پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور پوری مسلم امہ کے لیے خیر و برکت کا ذریعہ بنائے اور تینوں برادر ممالک کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کی نئی منزلوں سے ہمکنار کرے۔

4

ضروری ہے تاکہ صورتحال کو درست تناظر میں سمجھا جا سکے۔جاری بیان میں انہوں نے واضح کیا کہ ہائی سپیڈ ڈیزل پر عائد چیڑ ولیم لیوی آج بھی اس سطح سے کم ہے جو خلیجی بحران سے قبل نافذ تھی، ان کے مطابق بین الاقوامی منڈی میں گزشتہ چند ماہ کے دوران ڈیزل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے باعث حکومت نے عارضی طور پر چیڑ ولیم لیوی میں کمی کی تھی تاکہ اس اضافے کا پورا بوجھ ٹرانسپورٹرز، کسانوں اور ڈیزل استعمال کرنے والے دیگر شعبوں پر منتقل نہ ہو۔خرم شہزاد نے کہا کہ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قومی اسمبلی سے منظور شدہ رواں مالی سال کے محصولات کے تخمینے پٹرول اور ڈیزل دونوں پر اوسطاً 80 روپے فی لیٹر چیڑ ولیم لیوی کی بنیاد پر مرتب کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان محصولات کے اہداف کا حصول بجٹ میں مختص اخراجات کی تکمیل اور مالیاتی استحکام برقرار رکھنے کے لئے ناگزیر ہے

5

مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دہشت گردوں کے خلاف 2 الگ آپریشنز کے دوران پاک فوج نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی 6 اگست کو جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں کی گئی، جہاں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے سکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی۔فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنا دیا اس دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد مارے گئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق دوسری کارروائی ضلع دیر میں کی گئی، جہاں سیکیورٹی فورسز نے مزید 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اس طرح دونوں کارروائیوں میں مجموعی طور پر 10 دہشت گرد مارے گئے۔ بیان میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔سیکیورٹی اداروں کے مطابق یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ان علاقوں میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔

6

سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں تزویراتی تعاون کو مزید وسعت دی جارہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے روسی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں کیا۔ پاکستان کے سفیر نے کہا کہ پاکستان نے یورپین اکنامک یونین کے ساتھ آزاد تجارتی علاقے کے قیام کا عمل شروع کردیا ہے، پاکستان کو شمال ۔جنوب ٹرانسپورٹ کوریڈور کا فطری شراکت دار قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستقبل قریب میں مرمانسک، منسک اور ماسکو جیسے شہروں سے اسلام آباد، کراچی اور گوادر تک زمینی سفر ممکن ہوسکے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خود کو وسیع تر یوریشین اقتصادی خطے کا حصہ سمجھتا ہے اور یونین کے تمام رکن ممالک کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری روابط اور عوامی تبادلوں کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے پاکستان کے وزیر تجارت اور یوریشین اکنامک یونین کی قیادت کے درمیان ابتدائی رابطے ہوچکے ہیں جبکہ مذاکرات کی تکمیل میں چند ماہ سے دو سال تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔ فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ مجوزہ معاہدے سے پاکستان کو روس، قازقستان، بیلاروس اور کرغزستان سے مختلف اشیا درآمد کرنے اور اپنی مصنوعات ان ممالک کو برآمد کرنے کے مواقع میسر آئیں گے جس سے اقتصادی وغذائی تحفظ مضبوط ہوگا اور علاقائی تجارت، روابط اور امن کو فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا روس کا دورہ جو مارچ میں متوقع تھا، مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے باعث موخر کردیا گیا تھا، دونوں ممالک نئی تاریخوں کو حتمی شکل دے رہے ہیں

7

شروع کیا جارہا ہے جس کے تحت ملک میں 16 پیداواری لائنیں قائم کی جائیں گی۔منصوبے سے سالانہ کروڑوں جوڑوں کی پیداوار متوقع ہے جبکہ اس میں بیرون ملک پیداواری مرکز کے قیام اور سرحد پار تجارتی تعاون کو بھی فروغ دیا جائے گا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چین کے ہواشن (شینژن) انویسٹمنٹ گروپ اور پاکستان کے فاروڑ گروپ کے درمیان اسلام آباد میں تعاون کی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ معاہدے پر چین ہواشن (شینژن) انویسٹمنٹ گروپ کے چیئرمین لیا یوئی چھوان اور فاروڑ گروپ کے چیئرمین خواجہ مسعود اختر نے دستخط کیے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق دونوں کمپنیاں فٹ ویئر اور ملبوسات کے بیرون ملک پیداواری مرکز کی ترقی اور سرحد پار تجارتی تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کریں گی۔منصوبے کے تحت پاکستان میں اسپورٹس جوتوں کی 16 پیداواری لائنیں قائم کی جائیں گی، جن کی سالانہ پیداواری صلاحیت کروڑوں جوڑوں تک ہوگی

8

ترک صدر رجب طیب اردوان نے قصر الصفا میں نماز جمعہ ادا کی۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے علاوہ اعلیٰ سعودی و ترک حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

9

کا ذریعہ بنے۔ جمعہ کو ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ انہیں اپنے عزیز بھائی، سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم، شہزادہ محمد بن سلمان اور جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے ہمراہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔انہوں نے دعا کی کہ تین برادر اسلامی ممالک جو ایمان، اخوت اور امن وسلامتی کے مشترکہ عزم میں متحد ہیں، کے مابین حرمین شریفین کے سائے تلے طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن واستحکام کی ڈھال ثابت ہو اور ہمارے تینوں برادر ممالک کے ساتھ ساتھ پوری امت مسلمہ کے لیے ترقی، خوشحالی اور فلاح کا باعث بنے۔وزیراعظم نے کہا کہ وہ بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جن کی انتھک کاوشوں اور غیر معمولی لگن نے اس عظیم مقصد کی تکمیل میں بے حد اہم کردار ادا کیا۔

10

دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے ہیں۔سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، وزیر اعظم شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے دفاعی معاہدے پر دستخط کیے، جس کے تحت تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

11

کے لیے جاری آپریشنز کے حصے کے طور پر کیا گیا ہے۔روسی فوجی کمان کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق آپریشن 6 اگست کی شام سے 7 اگست کی صبح کے درمیان انتہائی درستگی کے ساتھ کیے گئے۔ وزارت دفاع نے تصدیق کی کہ روسی افواج نے خطے میں یوکرین کی مسلح افواج کی طرف سے تعینات اور حمایت یافتہ بحری جہازوں اور بحری جہازوں کے خلاف اپنے حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔روسی افواج کیف کی طرف سے فوجی سازوسامان اور گولہ بارود کی نقل وحمل کے لیے استعمال ہونے والی کسی بھی سمندری سپلائی یا لاجسٹک لائنوں کو منقطع کرنے کی کوشش کررہی ہے۔مزید برآں ماسکو بحریہ کے اثاثوں کو درست طریقے سے نشانہ بنانے اور اپنے جنگی جہازوں کو لاحق خطرات کو کم کرنے کیلئے ڈرون ٹیکنالوجی پر تیزی سے انحصار کررہا ہے

12

نہیں خطے میں امن، استحکام اور دفاعی تعاون کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔اپنے پر جاری بیان میں رجب طیب ایردوان نے کہا کہ انہوں نے سعودی ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر مکہ مکرمہ کا دورہ کیا، جہاں سعودی ولی عہد اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی۔انہوں نے بتایا کہ ملاقات کے دوران تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد اجتماعی دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا، دفاعی صنعت میں مشترکہ منصوبوں کو فروغ دینا اور دہشت گردی کے خلاف موثر تعاون کو وسعت دینا ہے۔ترک صدر نے کہا کہ یہ معاہدہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 میں درج حق دفاع کی توثیق بھی کرتا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں بلکہ خطے میں امن، خوشحالی اور استحکام کے خواہاں تمام برادر ممالک کے لیے کھلا ہے۔

13

کوئٹہ تفتان کوکوئٹہ، نوشکی، دالبندین، نوکنڈی اور تفتان کے مختلف مقامات پر شاہراہ بند کیا گیا۔کوئٹہ ژوب این 50 قومی شاہراہ کوکوئٹہ، قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، ژوب اور شیرانی کے مختلف مقامات پر ٹریفک کیلئے بند کیا گیا۔این 65 کوئٹہ سبی جیکب آباد قومی شاہراہ کوکوئٹہ، بولان، ڈھاڑر، سبی اور جیکب آباد کی جانب مختلف مقامات پر بند کیا۔مکران کوسٹل این 10 مکران کوسٹل ہائی وے کوگوادر، تربت اور مکران کے دیگر علاقوں میں مختلف مقامات پر ٹریفک بند کیا گیا۔این 85 شراب چنگور، ہوشاب شاہراہ کوسوراب، چنگور کے مختلف مقامات پر بھی احتجاج کے باعث آمدورفت متاثر ہوئی۔ہڑتال کے دوران ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جبکہ مختلف مقامات پر شاہراہوں کی بندش کے باعث گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں۔جماعت اسلامی بلوچستان کے مطابق ہڑتال کا مقصد بدامنی، شاہراہوں پر لوٹ مار، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بارڈرز کی بندش، بدعنوانی اور دیگر عوامی مسائل کے خلاف آواز بلند کرنا ہے۔بند کی گئی تمام اضلاع کے مین شاہراہوں پر دھرنے دیے گئے کچھ مقامات پر انتظامیہ و پولیس نے لاٹھی چارج و گرفتاریاں اور مقدمات درج بھی کیے گئے۔امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحق ہاشمی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ مولانا عبدالکبیر شاکر ڈاکٹر عطاء الرحمان، مولانا محمد عارف دمڑ، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کوئٹہ، نائب امیر صوبہ بشیر احمد ماندائی نے قصیر آباد نائب امیر صوبہ پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور نے جعفر آباد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمد اسلم گزگی نے خضدار، نورالدین غلزئی نے لورالائی، قاری امداداللہ نے چمن کوژک جبکہ دیگر اضلاع میں مقامی قائدین نے پہیہ جام ہڑتال، دھرنے واحتجاج کی قیادت کی۔کوئٹہ سمیت مختلف مقامات پر قومی شاہراہوں پر پہیہ جام کے دوران سینکڑوں ٹرک کو چرودیگر گاڑیاں رک گئی، ایمبولینس کیلئے راستے کھول دیے گئے تھے۔دھرنے کے دوران جماعت اسلامی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت اسلامی جمعیت طلباء، جمعیت طلبہ عربیہ، جے آئی یوتھ سمیت جماعت اسلامی کے برادر تنظیموں کے سینکڑوں کارکنان موجود ٹریفک کو روکے رکھا تھا اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔اکثر مقامات پر ٹرانسپورٹرز و تاجر نے رضاکارانہ ہڑتال میں ساتھ دیا۔اس موقع پر جماعت اسلامی کے قائدین نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے لوگوں کو کیڑے مکوڑے سمجھا چھوڑ دیں

14

خود بھی یقین نہیں۔پیپلز پارٹی کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اپنی تاریخ کے ایک نہایت کٹھن اور غیر معمولی دور سے گزر رہا ہے جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ اس مشکل صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ عام عوام پر پڑا ہے، جو نہ کسی سیاسی جماعت سے وابستہ ہیں اور نہ ہی کسی احتجاجی تحریک کا حصہ ہیں، یہ وہ شہری ہیں جن کی واحد خواہش پرامن زندگی گزارنا ہے، وہ اپنے بچوں کو تعلیم کیلئے اسکول بھیجنا چاہتے ہیں، پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لیے اپنے دفاتر اور ہسپتالوں تک رسائی چاہتے ہیں، اور اپنے روزگار و کاروبار کو بحال رکھنا چاہتے ہیں مگر موجودہ حالات میں ان کی روزمرہ کی زندگی شدید متاثر ہوکر رہ گئی ہے، طویل بندشوں، رابطوں کے لعطل اور غیر یقینی کی فضا نے نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے بلکہ بنیادی سہولیات تک رسائی بھی مشکل بنادی ہے جس کے باعث عام خاندانوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر ایسے اقدامات کرے جن سے عوام کو ریلیف ملے اور معمولاتِ زندگی بحال ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں گزشتہ کئی ہفتوں سے جاری انٹرنیٹ کی بندش اور مسلسل احتجاج کے باوجود عوامی مسائل کا کوئی مؤثر اور دیرپا حل سامنے نہیں آ سکا۔انہوں نے کہا کہ مواصلات کے تعطل اور نقل وحرکت کی بندش نے تعلیمی اداروں، صحت کی سہولیات اور مقامی تجارت کو شدید متاثر کیا ہے جس کے اثرات براہِ راست عام شہریوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا اصولی موقف ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ سیاسی اور سماجی بحرانوں کا حل تصادم کے بجائے بات چیت، مکالمے اور مفاہمت کی فضا میں تلاش کیا جائے۔ اسی تناظر میں پارٹی نے آزاد کشمیر اسمبلی میں ریفنسیلی ایشن کمیشن کے فوری قیام پر زور دیا ہے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر جامع مشاورت کے ذریعے مسائل کے پائیدار حل کو یقینی بنایا جاسکے۔چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ آزاد کشمیر اسمبلی میں اب یہ معاملہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی کے موقف تک محدود نہیں رہا بلکہ ایوان میں باقاعدہ ایک قرارداد پیش کر کے ''سچ کمیشن'' کے قیام کا مطالبہ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کمیشن کا بنیادی مقصد حالیہ واقعات کے حقائق کو غیر جانبدارانہ اور شفاف طریقے سے سامنے لانا ہے تاکہ عوام کو سچائی کا معلوم ہو اور ریاست وعوام کے درمیان اعتماد بحال کیا جاسکے۔انہوں نے زور دیا کہ جب تک کمیشن اپنی تحقیقات مکمل نہ کرے، تمام احتجاجی سرگرمیاں منعطل کی جائیں اور تعلیمی، تجارتی وانتظامی امور کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ عام شہریوں کی روزمرہ زندگی معمول پر آسکے۔چیئرمین نے واضح کیا کہ کمیشن کی رپورٹ کی روشنی میں اگر یہ ثابت ہوکہ کسی فرد یا گروہ نے قانون کو ہاتھ میں لیا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

15

خریدنے کیلئے 12 اظہارات دلچسپی موصول ہوئیں، نجکاری کمیشن نے فیسکو کی نجکاری کو اہم سنگ میل قرار دے دیا۔فیسکو کے بعد حیپکو اور آئیسکو کی نجکاری کا عمل بھی جاری ہے، پری کوالیفائی سرمایہ کاروں کو ڈیوڈیلیجنس کے لیے ورچوئل ڈیٹا روم تک رسائی دی جائے گی۔

16

خارجہ کے ایک باخبر ذریعے نے بتایا ہے کہ ایران اور عمان کے درمیان زیر غور منصوبے میں آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت کے موجودہ نظام کو مرحلہ وار تبدیل کرنے کی تجویز شامل ہے۔ذرائع کے مطابق ابتدائی عبوری مرحلے میں بحری جہاز آبنائے ہرمز میں ایران کے ساحل کے قریب واقع شالی بحری راستے سے داخل ہوں گے جبکہ عمان کے ساحل کے قریب موجود جنوبی راستے سے باہر نکلیں گے۔اس عبوری انتظام کا مقصد جہازوں کی آمدورفت کو بتدریج نئے نظام کی طرف منتقل کرنا ہوگا تاہم اس دوران موجودہ شمالی اور جنوبی راستے عملاً طور پر ختم نہیں کیے جائیں گے۔ ایرانی ذریعے کے مطابق عبوری مرحلہ مکمل ہونے کے بعد آبنائے ہرمز میں شمالی اور جنوبی دونوں موجودہ بحری راستوں پر جہازوں کی آمدورفت ختم کرنے کی تجویز ہے۔اس کے بعد تمام بحری جہازوں کے لیے آبنائے ہرمز کے درمیان میں ایک مرکزی بحری راہداری مقرر کی جائے گی جس کے ذریعے تجارتی جہازوں کو گزرنے کی اجازت دی جائے گی۔مجوزہ نظام کے تحت آبنائے ہرمز میں داخل ہونے والے بحری جہازوں کی آمدورفت کا انتظام ایران کرے گا جبکہ آبنائے سے باہر جانے والے جہازوں کی نگرانی اور انتظام ایران اور عمان مشترکہ طور پر کریں گے۔ذرائع کے مطابق اس سب سے اہم تجویز بحری جہازوں سے مختلف سمندری خدمات کے عوض فیس وصول کرنا ہے

17

اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے وزارت صنعت و پیداوار کے روڈ میپ کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں صنعتی ترقی کو تیز کرنے اور پاکستان کی برآمدی استعداد میں اضافے کیلئے بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کے شعبے کو مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اجلاس میں وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان، سیکرٹری صنعت سیف انجم، چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیڈا اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔حکام نے وفاقی وزیر کو درپیش سٹریٹجک روڈ میپ، جاری اقدامات اور صنعتی شعبے کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے کے لیے مجوزہ پالیسی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس میں بنیادی توجہ ایس ایم ایز کو سہولت فراہم کرنے پر مرکوز رہی تاکہ وہ برآمدی منڈیوں تک زیادہ موثر انداز میں رسائی حاصل کرسکیں اور قومی معیشت میں اپنا کردار مزید موثر طریقے سے ادا کرسکیں

18

ممالک کے درمیان تعاون کو وسعت دی جا رہی ہے۔سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر جاری بیان میں امریکی سفارتخانے نے کہا کہ تعاون کے فروغ کے مواقع تلاش کرنے کیلئے امریکی اراکین کانگریس اور کاروباری رہنماں نے اسلام آباد اور لاہور کا دورہ کیا۔بیان میں کہا گیا کہ اعلیٰ حکام نے واشنگٹن میں ہونے والے امریکا پاکستان انسداد دہشت گردی مذاکرات میں مشترکہ سکیورٹی ترجیحات پر بات چیت کی

19

بیلاروس کے سفیر آندرے مثیلیتسا نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ اقتصادی تعلقات اور پاکستان۔بیلاروس مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر تجارت اور بیلاروس کے سفیر نے دوطرفہ روابط میں بڑھتی ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور بیلاروس کے صدر کے درمیان خوشگوار تعلقات نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے رہنماں کے درمیان باہمی مفاہمت اور مسلسل روابط نے متعدد شعبوں میں عملی تعاون کے لیے نئی راہیں کھول دی ہیں۔

20

ترکی المالکی کے مطابق حوثی باغیوں کے حملہ کے زخمیوں میں 7 سعودی شہری، ایک یمنی، 2 مصری اور ایک پاکستانی شہری شامل ہیں، جبکہ متاثرین میں چار سالہ بچہ بھی شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ حوثی باغیوں نے شہری آبادی کو اندھا دھند نشانہ بنایا، یہ بین الاقوامی انسانی قوانین کی خلاف ورزی ہے اور شہریوں کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔علاوہ ازیں سعودی حکام نے دعویٰ کیا کہ ایران کے حمایت یافتہ مسلح گروہ مملکت میں اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی تیاری کر رہے ہیں جس کے پیش نظر سکیورٹی اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔سعودی حکام کے مطابق عراقی ملیشیائیں اور یمن کے حوثی جنگجو، پاسدارانِ انقلاب کی رہنمائی میں حملہ کر سکتے ہیں، انتہائی جنس اداروں نے ڈرونز اور میزائلوں کی نقل وحرکت کا بھی مشاہدہ کیا ہے جس کے باعث ممکنہ خطرات پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے

21

کو تاریخی اور خوش آئند پیش رفت قرار دیتے ہوئے تینوں ممالک کی قیادت خصوصی طور پر وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں شیخ قیصر محمود نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں ہونے والا مشترکہ دفاعی سربراہی اجلاس امتِ مسلمہ کے اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی سلامتی کے حوالے سے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان کی قیادت میں ہونے والا یہ معاہدہ اسلامی دنیا کے دفاعی تعاون کو نئی جہت فراہم کرے گا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں مسلم ممالک کے درمیان باہمی تعاون، مشترکہ دفاعی حکمت عملی اور سیکیورٹی اشتراک وقت کی اہم ضرورت ہے

22

پر ہے، شہر بھر میں معاملات زندگی معمول پر اور ٹریفک رواں دواں ہے کہیں بھی روڈ بند نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام اور تاجر برادری کی تحفظ ہماری ذمہ داری ہے عوام منفی خبروں پر کان نہ دھریں

23

بجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی جب تک ایک نکاح میں ہے دوسرا نکاح نہیں ہوسکتا۔شفیع جان نے کہا کہ پیپلز پارٹی پہلے نکاح سے باہر نکلے پھر ہی کوئی بات

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو سابق اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر ایڈووکیٹ کے بھائی ملک حاجی محمد جان کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ تحفظ ماحولیات گوادر کے مختلف ماحول دوست منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے' طارق بلوچ

عوامی شعور کی بیداری کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے

گوادر (خ ن) اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات طارق بلوچ نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان کے عوام دوست وژن اور پائیدار ترقیاتی پالیسی کے تحت محکمہ تحفظ ماحولیات گوادر کے مختلف ماحول دوست منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے جس میں ماحولیات کے تحفظ، ماحولیاتی قوانین کے مؤثر نفاذ، صنعتی و ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، شجرکاری، آلودگی پر قابو پانے اور عوامی (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

بیلہ' ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے انتظامیہ متحرک

بیلہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن کے تحت ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے انتظامیہ متحرک ہوگئی ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ کی تشکیل (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت، حلقے کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' عبیداللہ گورگیج

عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنی نمائندگی کا اعزاز بخشا ہے، وہ اس پر ہر صورت پورا اتریں گے

اسی وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے گا' رکن اسمبلی بلوچستان

کوئٹہ/گنداخہ: (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان عبیداللہ گورگیج نے کہا ہے کہ عوامی خدمت، حلقے کی ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنی نمائندگی کا اعزاز بخشا ہے، وہ اس پر ہر صورت پورا اتریں گے اور اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو کبھی مایوس نہیں ہونے دیں گے، (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

قانون کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی' ضلعی انتظامیہ سوراب

سوراب (خ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب نے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سات اگست کی شام 00:6 بجے سے 08 اگست کی صبح 00:6 بجے تک کرفیو نافذ کا حکم جاری کیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے تمام شہریوں کو ہدایت (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی سے قبائلی عمائدین کی ملاقات

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی سے ان کے دفتر میں قبائلی عمائدین نے ملاقات کی۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے ملک حبیب سارنگزئی پر ہونے والے قاتلانہ حملے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی آگاہ کیا اور مبینہ ملزمان کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کی فوری گرفتاری اور قانونی کارروائی کی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

سیاسی و سماجی رہنما اختر سالار سے نکری حاجی اللہ نور رند ملاقات کر رہے ہیں

6 اضلاع کی خالی نشستوں پر ضمنی بلدیاتی انتخابات' آج انتخابی مہم کا آخری دن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 6 اضلاع کی 10 لوکل کونسلز کی خالی نشستوں پر دوسرے مرحلے کے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں آج انتخابی مہم کا آخری دن ہے۔ الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 182 کے مطابق پولنگ سے 48 گھنٹے قبل تمام انتخابی سرگرمیاں ختم کرنا لازم ہے

ویمن پارلیمنٹری کاکس کا اسماء جتک معاملے پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید تشویش کا اظہار

عنایت اللہ جتک کا بہیمانہ قتل ناقابلِ تلافی سانحہ ہے' معاشرے کے لیے باعثِ تشویش اور قانون کی حکمرانی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے

کوئٹہ (پ ر) ویمن پارلیمنٹری کاکس، بلوچستان صوبائی اسمبلی، اسماء جتک اور ان کے خاندان کو گزشتہ کئی برسوں سے مبینہ طور پر درپیش دھمکیوں، جبری شادی کی کوششوں، اغوا، تشدد اور متعدد حملوں پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے۔ ویمن کاکس کے اراکین نے کہا کہ حال ہی میں اسماء جتک کے والد، ماسٹر عنایت اللہ جتک کا بہیمانہ قتل نہ صرف ان کے خاندان کے لیے ناقابلِ تلافی سانحہ ہے بلکہ پورے معاشرے کیلئے باعثِ تشویش اور قانون (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

وڈھ میں ٹریفک حادثہ چار افراد جاں بحق تین شدید زخمی

خضدار (این این آئی) وڈھ میں ٹریفک حادثہ چار افراد جاں بحق تین شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کو وڈھ بازار کے قریب دو ٹرک موٹر سائیکل سوار کو بچاتے ہوئے الٹ گئے جس کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق جبکہ تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زرین مگسی کو صوبائی کابینہ میں اہم وزارت دیں' جہانگیر شاہ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ حاجی ولی محمد نورزئی اور نوابزادہ زرین خان مگسی باصلاحیت اور بہترین پارلیمنٹرین ہیں جو ہمیشہ پارٹی کے کارکنوں کو (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

اسلامک ریلیف پاکستان اور انٹرنیشنل آرگنائزیشن فور مائیگریشن کے وفد کی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) اسلامک ریلیف پاکستان (آئی آر پی) اور انٹرنیشنل آرگنائزیشن فور مائیگریشن (آئی او ایم) کے وفد نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (بیوٹمز) کوئٹہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مستقبل میں باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کا مقصد نصیر آباد ڈویژن میں (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

اسماجتک کو انصاف اور تحفظ کی فراہمی میں غفلت لاپرواہی اقربا پروری و مصلحت پسندی سے کام لیا جا رہا' نیشنل پارٹی

قاتلوں کی گرفتاری کیلئے ڈرامہ بازی کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسماجتک کے والد کے قاتل اتنے بااثر ہیں کہ سرکاری مشینری سمیت ملزمان کی نشاندہی، نقل و حرکت اور ٹھکانوں کی نشاندہی میں معاون ثابت ہونے والی جدید ٹیکنالوجی بھی بے بس ہے اور اسی طرح بے پناہ الزامات کا سامنا کرنے کے باوجود جھالاوان اور اس کے روایات کے پاسدار سردار بھی ایسے خاموشی اختیار کر چکے ہیں گویا کہ یہ قبائلی منصب صرف ان کے ذاتی سیاسی و معاشی مفادات کا پاسدار ہے،

کوئٹہ' برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کئے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

معیاری تعلیم طلبہ کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے' سلیم سرپرہ

اوتھل (این این آئی) گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ سے سٹی پریس کلب اوتھل کے صحافیوں نے ملاقات کی۔ اس موقع پر پرنسپل کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں ٹی پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پرنسپل محمد سلیم (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

یونٹوں میں باقاعدگی کے ساتھ اجلاسوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے' مولانا رفیق

کارکنان سے مسلسل رابطہ رکھا جائے، شعبہ جات کو فعال کیا جائے' امیر جمعیت کوئٹہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ مگسی اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ اکابر علماء کرام اور دینی قیادت کی لازوال جدوجہد، قربانیوں اور مسلسل فکری و سیاسی جدوجہد کے نتیجے میں پاکستان کی نظریاتی اساس اور اسلامی تشخص آج بھی محفوظ ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص اور نظریاتی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

جمعیت ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب تنظیمی دورے کے سلسلے میں حلقہ 20 شالدرہ یونٹ کے مجلس عاملہ کے اجلاس میں یونٹ کارکردگی اور تنظیمی امور کا جائزہ لے رہے ہیں

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سے ملاقات

ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور حکومتی پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

گوادر/ارماڑہ (خ ن) عوامی مسائل کے حل اور انتظامی امور میں بہتری کے حکومتی وژن کے تحت رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ارماڑہ کے دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ارماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر تحصیلدار ارماڑہ نور خان بلوچ بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر ارماڑہ اور تحصیلدار نے رکن صوبائی اسمبلی کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ڈاکٹر ماہ نور برکت (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ملک مجیب مہتر زئی کی قیادت میں وفد کی پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہتر زئی کی قیادت میں ایک وفد نے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار سے جمعہ کو اسلام آباد میں انکے دفتر میں ملاقات کی۔

جھل مگسی میں مسجد کے پیش امام فائرنگ سے جاں بحق، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

تحقیقات کو ہر زاویے سے آگے بڑھایا جا رہا ہے اور ملزمان کو جلد قانون کی گرفت میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے

گنداوا و جھل مگسی (این این آئی) ضلع جھل مگسی کے علاقے گوٹھ راہیجہ محمدانی میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک مسجد کے پیش امام جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت غازی خان ولد محمد بخش کھوسہ کے نام سے ہوئی ہے، جو ضلع قمبر شہدادکوٹ (سندھ) کے رہائشی تھے اور گزشتہ کچھ عرصے سے گوٹھ راہیجہ محمدانی کی (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

وندر' سیکرٹری عنایت اللہ راٹھوڑ کی نگرانی میں صفائی کے کاموں کا سلسلہ تیزی جاری

میونسپل کمیٹی کا عملہ بازاروں گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں صفائی کے ساتھ سیوریج کے جمع پانی کی نکاسی میں مصروف ہے

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) وندر شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے مختلف علاقوں میں صفائی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کا عملہ بازاروں گلی محلوں اور رہائشی علاقوں میں صفائی کے ساتھ سیوریج کے جمع پانی کی نکاسی میں مصروف ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر امام بخش برہ، وائس چیئرمین عبدالحمید رونجہ (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

وندر' میونسپل کمیٹی کی صفائی مہم جاری' مختلف علاقوں میں سیوریج کے جمع پانی کی نکاسی اور صفائی کے اقدامات تیز کر دیئے گئے ہیں

ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر کا فشریز آفس گوادر کا دورہ

غیر قانونی ماہی گیری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلا امتیاز کارروائی کو مزید مؤثر بنایا جائے' شے مختار احمد

گوادر (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شے مختار احمد نے فشریز آفس گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈائریکٹر فشریز احمد ندیم سے ملاقات کی اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز شاہ فہد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ضلع گوادر میں ماہی گیری کے شعبے کی ترقی، مقامی ماہی گیروں کو درپیش مسائل، غیر قانونی ٹرالرنگ، گجا مافیا کی سرگرمیوں اور سمندری وسائل کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ضلعی چیئرمین نے کہا کہ موجودہ حکومت کی پالیسی کے مطابق سمندری وسائل کا تحفظ، مقامی ماہی گیروں کے قانونی حقوق کا دفاع اور ساحلی آبادی کے معاشی مفادات کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل کا موسیٰ خیل اور کنگری میں کل 20 میڈیکل سٹورز کا معائنہ

موسیٰ خیل (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی صحت دوست پالیسی اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق مجگ کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے، اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ اور ڈرگ انسپکٹر سندس رحمان نے مشترکہ طور پر موسیٰ خیل اور کنگری میں کل 20 (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ محترمہ سائرہ عطاء کی عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد ایجوکیشن سیکٹر میں اہم تبدیلیاں

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطاء کی جانب انتظامی عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد ایجوکیشن سیکٹر میں اہم تبدیلیاں نظر آنا شروع ہوگئی ہیں گزشتہ روز کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت منعقدہ میٹنگ میں جاری کئے گئے احکامات کی روشنی میں (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

کمشنر نصیر آباد کی زیر صدارت جشنِ آزادی کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس

تعلیمی اداروں میں تقریبات کا انعقاد یقینی بنایا جائے، اسپورٹس ایونٹس اور شجرکاری مہم کا بھی آغاز کیا جائے' صلاح الدین نورزئی

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت جشنِ آزادی کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز، ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ احمد نواز جتک، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ظہیر احمد عمرانی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

گوادر، محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے ساحلی آلودگی اور سمندری ماحول کے تحفظ مہم تیزی جاری

لورالائی' صاف ستھرا اور خوبصورت لورالائی شہریوں کا حق ہے' ولی محمد بڑیچ

صفائی کے ساتھ ساتھ درختوں کی نگہداشت اور شہری ماحول کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات جبکہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محبّ اللہ بلوچ کی خصوصی نگرانی و ہدایت پر لورالائی شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور ماڈل سٹی بنانے کے لیے صفائی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے کی جانب سے شہر کے مختلف زونز میں کچرے کی صفائی، نالیوں کی صفائی، سڑکوں اور بازاروں کی صفائی، کچرے کی منتقلی اور سڑکوں کے کناروں کی بہتری کا کام جاری رکھا گیا۔ کمشنر ہاؤس (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کا مزدور تحریک کو مزید تیز کرنیکا اعلان

سورنج کوئلہ کان حادثے کی شفاف تحقیقات کی جائیں۔ بی ڈی اے کا مجوزہ مرجر کسی صورت قبول نہیں۔ فیڈریشن

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان (PUWF) کا ماہانہ اجلاس صوبائی صدر علی بخش جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ، چیف آرگنائزر شمس حلبی، وائس چیئرمین ہدایت درویش، سیکرٹری اطلاعات عزیز احمد سارنگزئی، نعمت کاکڑ، اللہ بخش کرد، محمد عمر، حاجی عبدالمجید، مشتاق امین، شیر محمد کاکڑ سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں سردار عثمان کول لمپنی میں پیش آنے والے المناک کان (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

گوادر' ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کی زیر صدارت یومِ آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں اجلاس

تمام سرکاری محکموں کے افسران، اہلکار اور مختلف ادارے شرکت کریں گے' ڈاکٹر عبدالشکور

گوادر (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی زیر صدارت یوم آزادی 14 اگست 2026ء کی تقریبات کے سلسلے میں ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں قومی دن کی تقریبات کو شایانِ شان انداز میں منانے کے لیے مختلف سرکاری محکموں کو خصوصی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان سمیت ضلعی افسران اور متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی اجلاس میں یوم آزادی کی تقریبات کے انعقاد، قومی پرچم (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ جائزہ اجلاس

محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی کا باہمی تعاون ضلعی سطح پر صحت کی بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے انتہائی اہم ہے' نجیب اللہ کاکڑ

موسیٰ خیل (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت پی پی ایچ آئی کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ (MRM) جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی امان شاہ، اے ڈی ایس ایم پی پی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن قومی اسمبلی میر پھلین بلوچ کیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

شفافیت، میرٹ اور جوابدہی کے بغیر ترقی ممکن نہیں' شکیل قادر

تمام محکمے ملازمین کی استعداد بڑھانے کے لیے منظم اور دورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق تربیتی کورسز کروائے جائیں

صوبائی حکومت کا اولین فرض ہے کہ عوام کو معیاری اور بروقت سہولیات فراہم کی جائیں' چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے عوام کو بنیادی سہولیات کی بہترین فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اہم اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد شہریوں تک بنیادی خدمات کی بروقت رسائی، سرکاری عمل میں آسانی اور عام آدمی کی فلاح و بہبود میں تبدیلی لانا ہے۔ عوامی توقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے گئے ان اقدامات سے شہریوں کو روزمرہ زندگی میں خاطر خواہ (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

میونسپل کمیٹی بیلہ کا شہر کے تمام مویشی مالکان کے نام اہم نوٹس جاری

بیلہ (خ ن) میونسپل کمیٹی بیلہ نے شہر کے تمام مویشی مالکان کے نام اہم نوٹس جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اپنے جانوروں (گائے بیل بھینس اونٹ بکری بھیڑ وغیرہ) کو سڑکوں بازاروں عوامی مقامات اور رہائشی علاقوں میں (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

گنداخہ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رقوم میں مبینہ کٹوتیاں، مستحق خواتین کی دہائیاں، کارروائی کا مطالبہ

امدادی رقم میں کٹوتی نہ صرف غیر قانونی عمل ہے بلکہ یہ مستحق خاندانوں کے منہ سے نوالہ چھیننے کے مترادف ہے

گنداخہ (نامہ نگار) گنداخہ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام "بی آئی ایس پی" کے تحت مستحق خواتین کو ملنے والی مالی امداد میں مبینہ غیر قانونی کٹوتیوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس کے باعث غریب اور نادار خواتین شدید ذہنی اذیت اور مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ متاثرہ خواتین نے ضلعی انتظامیہ کی خاموشی اور عدم توجہی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری کارروائی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

کمشنر مکران قادر بخش پرکانی ٹیچنگ ہسپتال تربت میں سٹریٹ لائٹس کا افتتاح کر رہے ہیں

کمشنر مکران نے ٹیچنگ ہسپتال تربت میں 40 سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کر دیا

عوامی فلاح کے منصوبوں میں بین الادارہ تعاون نہایت اہم ہے' قادر بخش پرکانی

تربت (خ ن) کمشنر مکران ڈویژن نے ٹیچنگ ہسپتال تربت میں 40 سولر اسٹریٹ لائٹس کا افتتاح کیا، اس دوران مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور طبی سہولیات کی بہتری پر بھی زور دیا۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن قادر بخش پرکانی نے میرانی ہاؤسنگ اسکیم کے کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی (CSR) فنڈ کے تحت ٹیچنگ ہسپتال تربت میں نصب کی جانے والی (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

آسماء جتک کو انصاف دلانا جتک قوم پر فرض ہے' میر خیر اللہ جتک

اس گھرانے پر ظلم کی انتہاء کی گئی، حتیٰ کہ ضعیف العمر ماسٹر عنایت جتک کو سرعام قتل کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، ممتاز قبائلی شخصیت "میر خیر اللہ جتک" نے دختر جتک قوم بی بی آسماء جتک کے ضعیف العمر والد ماسٹر عنایت جتک کے سفاکانہ قتل کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے۔ کہ اب جتک قوم کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ کیونکہ قاتلوں نے شریعی اور قبائلی حدود کو پار کرلیا ہے۔ اور اس کی سرپرستی براہ راست نواب ثناء اللہ زہری کر رہے ہیں۔ پہلے آسماء بی بی کے منگیتر، پھر ان کے ماموں، اسکے بعد وڈیرہ غلام سرور موسیانی، پھر (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

وژن بلوچستان" مہم کے تحت سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز نصیر آباد کے زیر اہتمام کھیلوں کے مقابلوں کا باقاعدہ آغاز

کھیل نوجوانوں کی مثبت صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، صحت مند معاشرے کی تشکیل اور قومی یکجہتی کے فروغ کا بہترین ذریعہ ہیں

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد: جشنِ آزادی کے موقع پر "صحت مند نوجوان، روشن بلوچستان" مہم کے تحت سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز نصیر آباد کے زیر اہتمام کھیلوں کے مقابلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ پہلے مرحلے میں ڈائریکٹر جنرل سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈاکٹر یاسر بازئی کی کاوشوں اور ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس نصیر آباد ڈویژن فیروز علی ابڑو کی نگرانی میں کرکٹ ٹورنامنٹ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ یوتھ جوانان پانچ دن کے اندر محکمہ کانسٹیبلری اور متعلقہ یونٹ میں اپنی آمد کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) حکام بالا کے احکامات کے مطابق ان تمام یوتھ کے جوانان جن کو بلوچستان کانسٹیبلری پولیس میں آمد کروانی ہے وہ پانچ دن کے اندر محکمہ کانسٹیبلری اور متعلقہ یونٹ میں اپنی آمد کو یقینی بنائیں بصورت دیگران کے (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے' چوہدری نعیم کریم

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے سانحہ 8 اگست کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست 2016 کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے اس سانحہ میں ہماری ایک پڑھی لکھی پوری (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

سانحہ 8 اگست کے شہداء کی قربانیاں قوم کا عظیم سرمایہ ہیں، نعمت اللہ ظہیر

شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، چیرمین خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل

کوئٹہ (پ ر) خدمت خلق فاؤنڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین، صدارتی تمغہ امتیاز اور معروف عالمی شہرت یافتہ سماجی شخصیت نعمت اللہ ظہیر نے سانحہ 8 اگست 2016ء کے شہداء کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ پاکستان کی تاریخ کے المناک ترین واقعات میں سے ایک ہے، جس نے پوری قوم کو غمزدہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ سول (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی قادری کا مدینہ منورہ میں سید الشہداء حضرت امیر حمزہؓ کے مزارِ اقدس پر حاضری

مقدس ہستیوں کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے محبت، اخوت، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کو فروغ دینا چاہیے

جعفر آباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) پیر طریقت، رہبرِ شریعت، حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی قادری نے مدینہ منورہ میں سید الشہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے مزارِ اقدس پر حاضری دی اور مولا امام حسینؓ کی نیاز پاک سمیت سرکارِ غوثِ اعظم دستگیرؒ کی گیارہویں شریف کا لنگرِ پاک عقیدت و محبت کے ساتھ تقسیم کیا۔ حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی قادری دربارِ عالیہ غوثیہ قادریہ، اوستہ محمد روڈ ڈیرہ اللہ یار، ضلع جعفر آباد (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد' بڑی تعداد میں لوگ لنگر کھا رہے ہیں

جرگہ پشتونخوا وطن کے عوام کے مستقبل کا فیصلہ کریگی' پشتونخوا میپ

حکومت رٹ ریڈزون کے علاوہ کئی بھی دکھائی نہیں دیتی جبکہ عوام کا سر و مال مکمل طور پر غیر محفوظ ہو چکا ہے' عبدالقہار خان ودان

عوام کے میڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والوں اور نااہل حکمرانوں پر عوام پر مسلط کرنے والوں کا احتساب کرنے میں حق بجانب ہوں گے' مجید خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر اور ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی نائب صدر وڑائگہ لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نجات دلانے کی نشاندہی پارٹی چیئرمین اور قومی اسمبلی اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کر دی ہے (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

یونائیٹڈ فائبر انٹرنیٹ سروس صارفین کے لیئے وبال جان بن گیا

اوتھل (این این آئی) یونائیٹڈ فائبر ان